# ۴۔ پسندیدہ سرگرمیاں

## (الف) پیداواری شعبے

### (۱) شعبہ : اناج

### ۱ء۱ اپنے آس پاس باغبانی

- اپنے آس پاس مختلف جگہوں پر جا کر وہاں کے پیڑ پودوں کا معائنہ کرنا۔






### میری سرگرمی

- اپنے آس پاس پودے لگانا۔





♦ اپنے آس پاس پائے جانے والے درختوں کی معلومات دیں۔ آس پاس پودے لگوائیں۔

## ۲ء۱ گملوں میں پودے لگانا

مختلف گملوں کی پہچان



مٹّی کا گملا



لکڑی کا گملا



پلاسٹک کا گملا



سیمنٹ کا گملا




چینی مٹّی کا گملا



دھاتی گملا


### میری سرگرمی

رنگ بھرو۔



♦ مختلف اقسام اور اشیا کے گملوں کا تعارف کرائیں۔

## نرسری کی سیر :







### میری سرگرمی





♦ آس پاس کی کسی نرسری کی سیر کو جائیں۔ پودے لگانے کے لیے کن کن چیزوں کا استعمال ہوتا ہے، اس کی معلومات طلبہ کو دیں۔

## گملے میں پودے لگانا :



## میری سرگرمی

نرسری میں پسند آنے والے پھول پتّوں کی تصویریں بناؤ۔

♦ گھریلو اشیا سے چھوٹے گملے بنا کر اس میں پودے لگانے کے بارے میں معلومات دیں۔ مثلاً آئس کریم کے کپ، خالی ڈبّے وغیرہ۔

## ۱ء۳ پھلوں پر عمل

### (الف) مختلف پھل:



### میری سرگرمی


پھلوں کا ذائقہ بتاؤ۔














- تصویر میں دیے ہوئے پھلوں کے نام، ذائقے اور ان کے استعمال پوچھیں۔

## (ب) پھلوں کا پکنا:







♦ کچّے اور پکے ہوئے پھلوں کا ذائقہ اور رنگ کے متعلق معلومات پوچھیں۔

## ۱۴ء۱ مچھلی پالن

### کھارے پانی کی مچھلیاں





### میٹھے پانی کی مچھلیاں





### کھاڑی کے پانی کی مچھلیاں





## میری سرگرمی



- مچھلی بازار جاکر معائنہ و مشاہدہ کرنے کے لیے کہیں۔
- کھارے پانی کی مچھلیاں - سرنگا، سرمئی وغیرہ۔
- میٹھے پانی کی مچھلیاں - کٹلا، مرل، روہو وغیرہ۔
- کھاڑی کے پانی کی مچھلیاں - چنوس، مُلیٹ وغیرہ۔ ان مچھلیوں کی معلومات دیں۔

## (۲) شعبہ : لباس

### (الف) مکالمہ



(دادی کپاس صاف کر رہی ہیں۔ آریہ، شویتا، شبنم اور سنکیت آتے ہیں)

شویتا : دادی! آپ کیا کر رہی ہیں؟ ہمیں کہانی سناؤ نا۔


دادی : اگر کپاس کی صفائی میں تم میری مدد کرو گے تو میں کہانی سناؤں گی۔

بچے : ہاں ...کیا کرنا ہے؟

دادی : اس کپاس سے سرکی، خشک تنکے اور سوکھے پتّے الگ کرنا ہے۔ یہ لو کپاس ...

(بچے کپاس لے کر اسے صاف کرتے ہیں)

دادی : شاباش بچو! چلو، اب میں تمھیں ایک اچھّی سی کہانی سناتی ہوں۔




## (ب) قصّہ گوئی (کہانی کہنا)

کسی جنگل میں مختلف قسم کے بہت سارے جانور مل جل کر رہا کرتے تھے۔ وہ ایک دوسرے کی مدد کرتے۔ انسانوں نے جب جنگلات میں درختوں کی کٹائی شروع کی تو انھیں فکر ہوئی۔ وہ تمام جانور ایک جگہ جمع ہوکر غور و غوض کرنے لگے۔ جب تمام جانور غور و فکر میں مگن تھے تبھی ایک ہرن کا بچہ دوڑتا ہوا آیا۔ وہ خوب گھبرایا ہوا تھا۔

اُس کی ماں نے پوچھا، ''بیٹا! کیا ہوا؟'' ہرن کے بچے نے کہا، ''ماں! میں نے آج ایک ایسا جانور دیکھا جسے پہلے کبھی نہ دیکھا تھا۔ وہ اِدھر اُدھر گھوم رہا تھا۔ کچھ دیر بعد اس نے اپنے بدن سے کوئی چیز الگ کی، اسے درخت سے لٹکایا اور درخت کے نیچے سو گیا۔''

یہ سن کر بندر نے کہا، ''ارے! وہ جانور انسان ہے۔ وہ بہت ہوشیار ہے۔ انسان کپاس اُگاتا ہے۔ اُس کا خیال رکھتا ہے، کپاس سے سوت بناتا ہے۔ اس سے کپڑے بنا کر پہنتا ہے اور سردی، ہوا اور برسات سے خود کی حفاظت کرتا ہے۔



♦ کہانی کو مکالموں میں تبدیل کرکے اسے ڈرامائی انداز میں پیش کروائیں۔

## (ج) گیت





امّی کا دوپٹّا لال لال
پونچھ رہی ہیں جس سے وہ
اپنے بچّے کا گال
امّی کا دوپٹّا لال لال

بے بی کا فراک تھا گیلا
فوراً اس کو نکال پھینکا
اور پھر سوکھے تولیے سے
جسم اس کا سارا پونچھا





دادی کی ساڑی خوب ملائم
آرام سے جس پر سو جائیں ہم
آپا کا کُرتا کتنا اچّھا
اسکول چلیں تو اس کو پہنا

دادا جان نے پاجامہ پہنا
شرٹ پینٹ پہنیں ابّا
جیسا شرٹ ہے پہنے بھیا
چاہیے مجھ کو بالکل ویسا

### میری سرگرمی

تصویر بناؤ۔

شرٹ پتلون فراک

♦ مندرجہ بالا گیت ترنم کے ساتھ پیش کرنے کو کہیں۔

## ۲٫۲ ابتدائی سلائی کام

(۱) کپڑے کی دکان کی سیر



(۲) کپڑے کی مختلف قسموں کا تعارف

جدول پڑھ کر کپڑوں کے نمونے چپکاؤ۔


| کپڑے کی قسم | استعمال | کپڑے کا لمس اور خصوصیت | نمونہ |
|---|---|---|---|
| سوتی کپڑا | پاجامہ، ساڑی، دھوتی، تولیہ، یونیفارم، چھوٹے بچوں کے کپڑے، چادر، ٹوپی وغیرہ | نرم، آرام دہ پسینے کو جذب کرتا ہے۔ | |
| ریشمی کپڑا، ساٹن، مخمل وغیرہ | ساڑی، ڈریس (لڑکیوں کے)، شرٹ، ڈرامے کے لیے ملبوسات | چمکدار، ملائم | |
| اونی کپڑا | سویٹر، شال، مفلر، کنٹوپ، موزے وغیرہ۔ | کھردرا، نرم، آرام دہ | |

## ۲ء۳ پُتلی کام

### (الف) الگ الگ پتلیوں کا ذخیرہ




### (ب) دستی رومال سے پُتلی بنانا





- کھلونوں کی کارآمد چیزیں استعمال کر کے پتلی بنوائیں۔
- وسائل/ساز و سامان : دستی رومال، گیند، دھاگا، رنگ، سجاوٹ کا سامان وغیرہ۔
- چھوٹی سی نمائش کا اہتمام کریں۔



## ناریل کا درخت

ناریل کا درخت بلند ہوتا ہے۔ درخت کو ایک بھی شاخ نہیں ہوتی۔ اوپری چوٹی کی طرف پتوں کا گُچھّا ہوتا ہے۔ اِس گُچھّے کو جھاوڑی بھی کہتے ہیں۔

جھاوڑی کے درمیانی حصّے میں ناریل لگتے ہیں۔

ناریل کے درخت کو ماڑ بھی کہا جاتا ہے۔ اس کا تنہ گول، سفید اور خاکی رنگ کا ہوتا ہے۔

ایک درخت سے سالانہ ساٹھ تا اسّی ناریل حاصل ہوتے ہیں۔ ناریل بننے میں بارہ سے تیرہ مہینے لگتے ہیں۔

## میری سرگرمی

مشاہدہ کرو۔






- ممکن ہو تو ناریل کے باغ کی سیر کریں اور درخت کے حصوں کی پہچان کرائیں۔


## (۳) شعبہ : مکان

### ۱ء۳ مٹّی کا کام

(الف) مٹّی چھاننا



(ب) مٹّی کو گیلا کرنا



(ج) مٹّی سے مختلف شکلیں بنانا



### میری سرگرمی



- مٹّی چھاننا، مٹّی کو گیلا کرنا اور مٹّی سے شکلیں بنانا جیسی سرگرمیوں کے بارے میں رہنمائی کریں۔
- ممکن ہو تو مٹّی سے مختلف چیزیں بنانے والے کاریگر سے ملاقات کر کے عملی تجربہ فراہم کریں۔

## ۴ء۲ بانس کام اور بید کام

- بانس کی اشیا کی نمائش کی سیر



### میری سرگرمی

بانس سے تیار ہونے والی چیزوں کی تصویریں بناؤ۔



- تصویروں کے ذریعے بانس کے استعمال کی وضاحت کریں۔

## ۴.۳ پھول دار پودا اور آرائشی پودا کاری

### ا۔ خوشبودار اور بغیر خوشبو والے پھول



### میری سرگرمی

- پھولوں کا ہار یا گلدستہ بنانا۔





- مختلف پھول کی پتیوں اور درختوں کے پتے جمع کر کے اپنی بیاض میں سوکھنے کے لیے رکھنے اور سوکھنے کے بعد انھیں چسپاں کرنے کے لیے کہیں۔
- گلاب، ابولی، جاسندی، کردَلی، گیندا، موگرا، شیونتی، نشی گندھا وغیرہ پھولوں کے رنگ اور نام پہچاننے کے لیے کہیں۔

## (ج) دیگر شعبے

### کاشتکاری کی معاون صنعتیں (گلہ بانی)

### تصویری معمہ حل کرنا






| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | م | | | | | |
| | و | | ر | خ | | | |
| | | ر | | | | | |
| | | | ب | م | | | |
| | | چھ | | ر | | | |
| | | | | | ہ | | |
| | | | | ی | | | ب |
| | | | بھ | | ن | | |






5Q7L97

- بچوں کو تصویری معمے کے بارے میں سمجھائیں۔ جانوروں کی معلومات دے کر پالتو جانور اور ان کے استعمال بتائیں۔
- تصویریں دِکھا کر بچوں سے جانوروں کے نام پوچھیں اور اس سے تصویری معمہ حل کروائیں۔